**S 1604**

# SSLC EXAMINATION, MARCH - 2021

## URDU

First Language - Paper I

Time : 1½ Hours | Total Score : 40

**പൊതുനിർദ്ദേശങ്ങൾ :**

- ആദ്യത്തെ 20 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ആകെ 80 സ്കോറിനുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഇഷ്ടപ്പെട്ട 40 സ്കോറിന് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 1 മുതൽ 6 വരെയുള്ള ഒരു സ്കോറിനുള്ള ചോദ്യങ്ങളും 7 മുതൽ 12 വരെയുള്ള രണ്ട് സ്കോറിനുള്ള ചോദ്യങ്ങളും വസ്തു നിഷ്ഠ ചോദ്യങ്ങളാണ്.
- 13 മുതൽ 22 വരെയുള്ള മൂന്ന് സ്കോറിനുള്ള ചോദ്യങ്ങളും 23 മുതൽ 30 വരെയുള്ള നാല് സ്കോറിനുള്ള ചോദ്യങ്ങളും വിവരണാത്മക ചോദ്യങ്ങളാണ്.
- ഓരോ ചോദ്യത്തിന് നേരെയും സ്കോർ നൽകിയിട്ടുണ്ട്.

**Score**

(1 മുതൽ 6 വരെ ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഒരു സ്കോർ വീതമാണ്)

1. پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی
بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی
بچّو، یہ کس کا شعر ہے؟
[سدرشن فاخر،   نظیر اکبر آبادی،   ندا فاضلی] — 1

2. کسان 'شنکر' کس کہانی کا کردار ہے؟
[ کابلی والا،   سوا سیر گیہوں،   کھجری کے سائے میں ] — 1

3. 'کابلی والا' کس کی کہانی ہے؟
[ رابندر ناتھ ٹیگور،   عبد الحلیم شرر،   منشی پریم چند ] — 1

Score

1 4. 'پھول والوں کی سیر' کہاں کا میلہ ہے؟

[ دہلی کا،   پنجاب کا،   گجرات کا ]

1 5. ہمارے دیس کو کون کھانا کھلاتا ہے؟

[ ڈاکٹر،  کسان،  وکیل ]

1 6. صحیح جملہ چن کر لکھیے۔

(a) میں تندرست ہے۔ (b) میں تندرست ہوں۔ (c) میں تندرست ہیں۔

( 7 മുതൽ 12 വരെ ചോദ്യങ്ങൾക്ക് രണ്ട് സ്കോർ വീതമാണ് )

2 7. یہ اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے مفلسی کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

[a] مفلس کا درد دل میں کوئی ٹھانتا نہیں
مفلس کی بات کو بھی کوئی مانتا نہیں

[b] نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی

[c] یہی دہقان چلاتے ہیں جو ہل بنجر زمینوں میں
چراغِ آرزو سے دل ہے روشن ان کے سینوں میں

2 8. خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

| ب | الف |
|---|---|
| احسان دانش | ستاتی ہے مفلسی |
| سدرشن فاخر | غریبوں کا مسیحا |
| نظیر اکبر آبادی | کاغذ کی کشتی |
| ندا فاضلی | ہل چلائیں |

Score

2 9. مناسب لفظ چن کر گروہ پورا کیجیے۔ [ِآپ بیتی، نظم، کہانی]

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | انڈا ہے یا دانہ | لیو ٹالسٹائے | .................. |
| b | غریبوں کا مسیحا | ............... | ندا فاضلی |

2 10. چند ادیبوں کے نام دیے گئے ہیں۔ ان میں سے دو کہانی نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔

[لیو ٹالسٹائے، نظیر اکبر آبادی، رابندر ناتھ ٹیگور، اقبال]

2 11. 'کھجری کے سائے میں' کہانی کے دو کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔

[امرتا دیوی، شنکر، جودھپور کا راجا، رحمت]

2 12. مناسب حروف چن کر جملے پورا کیجیے۔ [میں، کا، سے، کو]

ایک دن.......... واقعہ ہے۔ جب ساجن اسکول.......... پڑھ رہا تھا۔

اس دن شام........ وہ نئے کپڑے پہن کر اسکول........ لوٹ آیا۔

(13 മുതൽ 22 വരെ ചോദ്യങ്ങൾക്ക് മൂന്ന് സ്കോർ വീതമാണ്)

3 13. گووند کہتا ہے "میں اب بھی تندرست ہوں۔ میں نے ابھی تک نہ کسی ڈاکٹر سے علاج کروایا اور نہ ہی کوئی دوا لی"۔۔۔۔۔

بچو، کسان گووند کی تندرستی کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

Score

3 .14
جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی
بچّو، اس شعر میں شاعر مفلس لوگوں کی مصیبتوں کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔
غریب اور مفلس لوگوں کی مصیبتیں کیا کیا ہیں۔ نوٹ لکھیے۔

3 .15 عبارت غور سے پڑھیے۔اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔

ندا فاضلی اردو کا جدید شاعر، ناول نگار اور فلمی گیت کار ہے۔ ۱۹۳۸ء کو ان کی پیدائش دہلی میں ہوئی۔ ان کی شاعری کی زبان آسان اور عام فہم ہے۔ کھویا ہوا سال، دنیا میرے آگے، دیواروں کے باہر وغیرہ ان کے اہم کارنامے ہیں۔ ۲۰۱۶ء کو ممبئی میں ان کا انتقال ہوا۔

[ اشارے: کون، کہاں، کیا کیا، کب، کیسی ]

3 .16 ’’کابلی والا‘‘ ایک مشہور کہانی ہے۔
(a) بچّو، اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
(b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

3 .17 پیڑ کاٹنے کے خلاف کھجری گاؤں والوں نے ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔
بچّو، پیڑ کاٹنے کے خلاف تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : پیڑ مت کاٹو، پیڑ فطرت کی جان ہے۔

Score

.18 وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی
وہ درد کے گرجا میں انسان کی خدمت تھی
(a) یہ کس نظم کا شعر ہے؟
(b) بچّو، مدر تریسا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تین جملے لکھیے۔ 3

.19 نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی
شاعر کہتا ہے کہ بچپن میں دنیا کا کوئی غم اور رشتوں کا کوئی بندھن نہیں ہے۔
بچّو، بچپن کا زمانہ خوبصورت کیوں بن جاتا ہے؟ اپنے الفاظ میں چار جملے لکھیے۔ 3

.20 ہمارے دیس میں مختلف تہوار منائے جاتے ہیں۔ ہر ایک تہوار دیس کی تہذیب کا نشان ہے۔ 3
(a) بچّو، ہمارے دیس کے دو تہواروں کے نام لکھیے؟
(b) پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

.21 شہر میں عالی شان محل اور بڑے بڑے کارخانے ہوتے ہیں۔ لیکن گاؤں کا منظر بالکل الگ ہے۔ دور دور تک پھیلے ہوئے کھیت اور اونچے اونچے پیڑوں کی وجہ سے گاؤں کی آب و ہوا بہت اچھی لگتی ہے۔ 3
بچّو، اوپر کے جملے غور سے پڑھیے۔ شہر اور گاؤں کا تجزیہ کر کے ایک نوٹ لکھیے۔

.22 میرے شوہر کے انتقال کے وقت ساجن کی عمر آٹھ سال اور مالتی کی عمر پانچ سال کی تھی۔۔۔۔ 3
لکشمی اپنی کہانی اخبار والوں کو سنانے لگی۔
بچّو، آپ بھی زندگی کا کوئی واقعہ یاد کر کے لکھیے۔

Score

(23 മുതൽ 30 വരെ ചോദ്യങ്ങൾക്ക് നാല് സ്കോർ വീതമാണ്)

23. انجلی کلکتہ سے اپنے ماں باپ کے ساتھ داداجان کے گاؤں پہنچی۔ وہ سیدھے کھیت میں داداجان کے پاس گئی۔ اپنی پوتی انجلی کو دیکھ کر گووند نے خوشی سے پوچھا۔ 4

گووند : انجلی بیٹی، تم کیسی ہو؟

انجلی : ..................................

بچو، گووند اور انجلی کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

24. 4

یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی
مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی

(a) بچو، اس کا شاعر کون ہے؟

(b) ان اشعار میں شاعر کیا کیا کہتے ہیں۔ اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

25. بیس سال کے بعد ظفر علی اپنے گاؤں دیکھنے گیا۔ گاؤں کا منظر بالکل بدل چکا تھا۔ مٹی کے کچے راستے اب پکی سڑکوں میں بدل گئے ہیں۔ چھوٹی دکانوں کی جگہ بڑی بڑی عمارتیں ہیں۔ 4

بچو، آپ کے گاؤں یا شہر میں آج کل کیا کیا تبدیلیاں آئی ہیں۔ نوٹ لکھیے۔

26. کسان سارے لوگوں کی بھوک مٹاتے ہیں۔ ان کی محنت سے یہ دنیا چلتی ہے۔ 4

بچو، کسانوں کی محنت اور ان کی اہمیت کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

Score

4 27. جنگل برباد کرنے اور پہاڑ توڑنے کی وجہ سے ہماری فطرت اور حیاتیاتی نظام دن بدن بگڑتے جارہے ہیں۔
بچوّ، اپنے گاؤں کی فطرت اور حیاتیاتی نظام کی حفاظت کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں۔ نوٹ لکھیے۔

4 28. ساجن آئی۔اے۔ایس کا امتحان پاس ہو گیا۔ ساجن کو مبارک باد دیتے ہوئے اس کا دوست الطاف ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔
بچوّ، ساجن کے نام الطاف کا خط تیار کیجیے۔

4 29. گووندا ایک محنتی کسان ہے۔ وہ بڑھاپے میں بھی کھیتی باڑی کرتے ہیں۔
بچوّ، اگر آپ کو ان سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوال کریں گے۔ چار سوالات تیار کیجیے۔

4 30. اشاروں کی مدد سے منشی پریم چند کا سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

**منشی پریم چند**

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | منشی پریم چند |
| اصل نام | : | دھنپت رائے |
| پیدائش | : | ۱۸۸۰ء بنارس کے قریب لمہی گاؤں میں |
| مشہور ناول | : | گؤدان، نرملا، غبن، میدانِ عمل |
| مشہور افسانے | : | کفن، دو بیل، پوس کی رات، منتر |
| انتقال | : | ۱۹۳۶ء میں |

-o0o-